© rasailojaraid.com



غیر مشروع اور ناجائز ہیں۔ اس مجموعہ میں مولانا ابوالکلام آزاد کا مقالہ "خطابۂ الم و توضیۂ شہادت" اور "عید الفطر" مولانا عبدالماجد دریابادی کا مقالہ "عید قرباں" "شبِ قدر" اور "شبِ برات" اور مولانا مناظر احسن گیلانی کا مقالہ "میلاد نبی العالم" "یوم فتح مکہ" خاص طور پر بہت دلچسپ۔ ولولہ آفریں اور سبق آموز ہیں۔

**جنگ مشرق و خاتمۂ جاپان** از مولوی محمد اسحاق صاحب و زوبیدہ تبسم صاحبہ تقطیع متوسط ضخامت ۲۲۰ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت مجلد عگار پتہ:۔ ادارۂ نشریات اردو حیدرآباد دکن۔

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس کتاب میں جناب مصنف و مصنفہ نے جاپان کی جنگ اور اس کے عبرت انگیز خاتمہ کے حالات مختصر لکھے ہیں۔ شروع میں پس منظر کے طور پر جاپان و چین کی تاریخ ماضی و حال، ان کے عادات و خصائل، مختلف علاقے۔ یورپ سے ان کے تعلقات وغیرہ کو بیان کیا ہے اور ان اسباب پر روشنی ڈالی ہے جن کی وجہ سے جاپان جنگ میں شریک ہوا اور آخر کار اس نے زبردست شکست کھائی۔ ایک باب میں دنیا کے ان بڑے آدمیوں کے حالات بھی لکھدیئے ہیں جن کو گذشتہ جنگِ جاپان سے فوجی اور سیاسی قسم کا تعلق تھا۔ کتاب عام قاری کے لئے دلچسپ اور اضافہ معلومات کا سبب ہوگی۔ البتہ زبان و بیان کے اعتبار سے متعدد خامیاں ہیں جو نہ ہونی چاہیے تھیں۔

**تصوراتِ اقبال** از شاغل فخری مرحوم تقطیع متوسط ضخامت ۲۵۴ صفحات، کتابت و طباعت بہتر قیمت مجلد ہے پتہ:۔ نفیس اکیڈمی عابد روڈ حیدرآباد دکن۔

اقبال مرحوم پر اردو میں کثرت سے کتابیں شائع ہوچکی ہیں اور یہ سلسلہ اب تک برابر جاری ہے چنانچہ زیر تبصرہ کتاب بھی اسی کی ایک کڑی ہے۔ کتاب کے مصنف شاغل فخری اردو زبان کے ایک ہونہار ادیب تھے۔ اس میں شبہ نہیں کہ اگر ان کی عمر وفا کرتی اور انھیں اطمینان و فارغ البالی کے ساتھ اپنے ادبی مشاغل جاری رکھنے کا موقع ملتا تو وہ ایک روز صفِ اول کے ادیب ہوتے مرحوم کی یہ ادبی یادگار ان کی فطری صلاحیتوں کی آئینہ دار ہے۔ اس میں انھوں نے مختلف عنوانات مثلاً



© rasailojaraid.com